SENATE OF PAKISTAN

CHAIRMAN

Islamabad, the **Sept. 05, 2003**

پیغام

جامعات کا اسلوب فکر اعلیٰ و نافع اور منتہائے مقصود تحقیقات ہوتا ہے۔ متعدد اور مختلف میدان ہائے علم و حکمت میں یہ انداز فکر و تحقیق ثبات و قرار کے ساتھ رفتیں لازماً نتیجہ خیز ہوتی ہیں اور دور رس نتائج کا عنوانِ جلی۔ تعمیر اذہان کے لئے اور آبیاری فکر و ضمیر کے لئے جامعات کو پورے تسلسل کے ساتھ صراط مستقیم کی برکات کا حامل بنانا ایک فریضہ امہ اور ذمہ داری ملّی ہے اور اس سے عہدہ برآ ہونا ضمانتِ تعمیر اور اقامتِ فکر و نظر سے عبارت ہوتا ہے۔

جامعہ کراچی کا کلیہ معارف اسلامیہ ان ہی اقدار کے حصول کے لئے گزشتہ پانچ برس سے کوشاں ہے۔ الحمدللہ! اس دوران کلیہ نے خوب ترقی کی خصوصاً تین شعبہ جات کا اضافہ اور بین الاقوامی تحقیقی مجلّہ کا اجراء قابل تحسین عمل ہے۔ اب میرے لئے یہ خبر باعث اطمینان و مسرت ہے کہ کلیہ معارف اسلامیہ کا ایک شعبہ القرآن والسنۃ اپنے تحقیقی مجلّہ ''احیاء العلوم'' کی طباعت و اشاعت کا انتظام و انصرام کر رہا ہے جو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی علم و تحقیق کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

اس مفید و موثر علمی و تحقیقی کاوش کے اجراء پر میں ملک کے ممتاز ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی، شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید، رئیس کلیہ، پروفیسر ڈاکٹر فضل احمد، چیئرمین شعبہ القرآن والسنۃ اور ان کے رفقاء کار کو مبارکباد دیتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ یہ شعبہ درس و تدریس کے فرض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دیتا رہے۔

(محمد میاں سومرو)